

روزنامہ
ورق تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताजा
26 July 2025



# ماہِ صفر ہرگز منحوس نہیں۔۔۔صفر الخیر ہے

## بدشگونی کا اسلام میں کوئی تصور نہیں ہے

**تحریر۔محمد توحید رضا علیمی بنگلور**

اسلامی نیا سال محرم الحرام سے شروع ہوتا ہے اور یہ چار حرمت والے مہینوں میں ایک ہے جسے قرآن مجید میں منھا اربعۃ حرم۔ کہا۔قمری پہلا مہینہ محرم الحرام کے بعد قمری دوسرا مہینہ ماہِ صفر المظفر آتا ہے۔ چنانچہ کئی لوگ ماہِ صفر کے آنے کو منحوس خیال کرتے ہیں۔ مثلاً نحوست کے وہمی تصورات کے شکار لوگ ماہ صفر کو مصیبتیں اور آفتیں اترنے کا مہینہ سمجھتے ہیں۔ ماہِ صفر المظفر کی ابتدائی 13 تاریخیں بہت زیادہ منحوس (نحوست والی) مانی جاتی ہیں اس کو تیرہ تیزی کہتے ہیں، اس میں شادی بیاہ۔ رخصتی۔ گھر بدلنے۔ سفر کرنے کو منحوس جانتے ہیں، علامہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ سب جہالت کی باتیں ہیں ان سب کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ اور صدرُ الشریعہ لکھتے ہیں کہ اس صفر المظفر کے آخری بدھ (چہار شنبہ) ہندوستان میں بہت منایا جاتا ہے لوگ اپنے کاروبار بند رکھتے ہیں۔ بہتر عمدہ کھانے تیار کرتے ہیں اور اپنے اپنے گھروں سے سیر و تفریح کے لیے نکل جاتے ہیں، پوریاں پکتی ہیں اور نہاتے دھوتے خوشیاں مناتے ہیں اور تصور کرتے ہیں کہ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ صحت یاب ہوئے حالانکہ فتاوی رضویہ اور بہار شریعت اور دیگر کتب اسلامیہ میں ہے کہ اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔ یہ سب باتیں بے اصل ہیں بلکہ ان دنوں میں حضور اکرم ﷺ مرض شدت کے ساتھ تھا وہ باتیں خلاف واقع ہیں۔ (بہار شریعت)

### کوئی دن منحوس نہیں ہوتا

علامہ حامد آفندی علیہ رحمۃ اللہ القوی سے سوال کیا گیا۔ کیا بعض دن منحوس ہوتے ہیں جو سفر اور دیگر کاموں کی صلاحیت نہیں رکھتے؟ تو جواب میں فرمایا کہ جو شخص یہ سوال کرے کہ کیا بعض دن منحوس ہوتے ہیں اس کے جواب سے اِعراض کیا جائے اور اسکے فعل کو جہالت کہا جائے اور اس کی مذمّت بیان کی جائے۔ ایسا سمجھنا یہود کا طریقہ ہے۔ مسلمانوں کا شیوہ نہیں ہے۔ جو اللہ تعالیٰ پر توکّل کرتے ہیں (تنقیح الفتاوی الحامدیہ 2/367) محترم قارئین۔ کوئی وقت برکت والا اور عظمت والا تو ہوسکتا ہے جیسے ماہِ رمضان، ربیع الاول، جمعۃ المبارک، وغیرہ مگر کوئی مہینہ یا دن منحوس نہیں ہوسکتا۔ مراۃ المناجیح میں ہے۔ اسلام میں کوئی دن یا کوئی ساعت منحوس نہیں ہاں بعض دن بابرکت ہیں (مراۃ المناجیح 5/484) تفسیر روح البیان میں ہے۔ صفر وغیرہ کسی مہینے یا مخصوص وقت کو منحوس سمجھنا درست نہیں۔ تمام اوقات اللہ عزوجل شانہ کے بنائے ہوئے ہیں۔ اور ان میں انسانوں کے اعمال واقع ہوتے ہیں جس وقت میں بندہ مومن اللہ تعالیٰ کی اطاعت و بندگی میں مشغول ہو وہ وقت مبارک ہے اور جس وقت میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے وہ وقت اس کے لیے منحوس ہے درحقیقت اصل نحوست تو گناہوں میں ہے۔ (تفسیر روح البیان 3/428)۔ ماہ صفر المظفر یہ صفر الخیر ہے۔ یعنی کامیابی کا مہینہ ہے خیر والا مہینہ ہے اب اگر کوئی شخص اس مہینے میں احکام شرع کا پابند رہا نیکیاں کرتا اور گناہوں سے بچتا رہا تو یہ مہینہ یقیناً اس کے لیے مبارک ہے اور اگر کسی بدکردار نے یہ مہینہ بھی گناہوں میں گزارا، جائز ناجائز، حرام و حلال کا خیال نہ رکھا تو اس کی بربادی کے لیے گناہوں کی نحوست ہی کافی ہے اب ماہ صفر ہو یا کسی بھی مہینے کا سیکنڈ منٹ یا گھنٹہ اگر اسے کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو یہ اس کی شامت اعمال کا نتیجہ ہے۔

### توہّم پرستی اور بدشگونی

اسلام میں توہم پرستی یا بدشگونی کی قطعاً گنجائش نہیں ہے مگر اس کے باوجود مسلمانوں کی کثیر تعداد اِس مرض کا شکار نظر آتی ہے۔ بدشگونی کسے کہتے ہیں۔ بدشگونی، نحوست، بدفالی کو کہتے ہیں (فیروز اللغات) شگون کیا ہے۔ شگون کا معنی ہے فال لینا یعنی کسی چیز، شخص۔ عمل۔ آواز۔ یا وقت کو اپنے حق میں اچھا یا بُرا سمجھنا۔ حالاتِ حاضرہ میں یہ تمام توہّم پرستی۔ بدشگونی موجود ہے۔ مثلاً شام کے وقت جھاڑو لگانے سے گریز کرنا کہ اس سے دولت کم ہوگی۔ کالی بلّی کا راستہ کاٹنے سے کام بگڑ جانے کا تصور وغیرہا یہ سب ہندو معاشرے کے عام توہمات ہیں۔ اور عرب معاشرے کے لوگ بیٹی کی پیدائش کو منحوس سمجھتے تھے۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی کریم ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات کے دن سورج کو گرہن لگ گیا، تو بعض لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ سورج گرہن اس وجہ سے ہوا کہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا ہے۔ ہمارے نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ نے فرمایا: سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں، یہ کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے گرہن میں نہیں آتے۔ پس جب تم گرہن دیکھو تو نماز اور دعا میں مشغول ہو جاؤ۔ (صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ صحیح مسلم کتاب الکسوف) خلاصہ یہ نکلا کہ نبی کریم ﷺ نے توحید کا پرچم بلند رکھتے ہوئے ہر قسم کے توہّم پرستی کو مسترد فرمایا، اور یہ تعلیم دی کہ سورج چاند اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں، ان میں گرہن ہونا کسی انسان کی موت و حیات سے متعلق نہیں۔

### فرعونی بدشگونی لیتے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں فرعونی آپ سے اور آپ کے ماننے والوں سے بدشگونی لیتے تھے اس کا ذکر قرآن مجید پارہ 9 سورہ اعراف آیت 131 میں موجود ہے۔ اللہ پاک نے فرمایا۔ تو جب انہیں بھلائی ملتی کہتے یہ ہمارے لیے ہے اور جب برائی پہنچتی تو موسیٰ علیہ السلام اور اس کے ساتھ والوں سے بدشگونی لیتے سن لو ان کے نصیبہ (مقدر) کی شامت تو اللہ کے یہاں ہے لیکن ان میں اکثر کو خبر نہیں۔ (ترجمہ کنز الایمان) فرعونیوں کو جو بھی اچھائی پہنچتی یا بھلائی پہنچتی تو وہ کہتے یہ ہماری وجہ سے ہے، ہم ہیں اسی وجہ سے یہ بھلائی پہنچی ہے اور انہیں کو جب برائی پہنچتی، مصیبت آتی، پریشانی آتی، تو کہتے یہ تو موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھ والوں کی طرف سے برائی پہنچی ہے۔ یہ موجود ہیں اسی وجہ سے یہاں پریشانیاں نازل ہو رہی ہیں اگر یہ نہ ہوتے تو مصیبت نہ آتی تو انہوں نے موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھ والوں سے بدشگونی لی۔ تفسیر خزائن العرفان میں ہے کہ فرعونی کہتے کہ یہ بلائیں ان کی وجہ سے پہنچی اگر یہ نہ ہوتے تو یہ مصیبتیں نہ آتی۔ معجم الکبیر میں آقائے کائنات ہمارے آخری نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ کی حدیث مبارکہ موجود ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس نے بدشگونی لی اور جس کے لیے بدشگونی لی گئی وہ ہم میں سے نہیں۔

### منافقین بدشگونی لیتے

زمانہ رسالت ﷺ میں بھی منافقینِ مکہ آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے بدشگونی لیتے اس کا ذکر بھی قرآن مجید پارہ 5 سورۃ النساء آیت نمبر 78 میں موجود ہے۔ اللہ پاک نے فرمایا۔ اور اُنہیں کوئی بھلائی پہنچے تو کہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اُنہیں کوئی برائی پہنچے تو کہیں یہ حضور ﷺ کی طرف سے آئی، تم فرما دو سب اللہ کی طرف سے ہے تو ان لوگوں کو کیا ہوا کوئی بات سمجھتے معلوم ہی نہیں ہوتے۔ (ترجمہ کنز الایمان) تفسیر خزائن العرفان میں مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ۔ یہ حال منافقین کا ہے کہ جب انہیں کوئی سختی پیش آتی ہے تو اس کو حضور سید عالم ﷺ کی طرف نسبت کرتے اور کہتے جب سے یہ آئے ہیں ایسے ہی سختیاں پیش آیا کرتی ہیں۔ آگے فرماتے ہیں گرانی ہو یا ارزانی، قحط ہو یا فراخ حالی، رنج ہو یا راحت، آرام ہو یا تکلیف، فتح یا شکست، حقیقت میں سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

### مصیبت کیوں پہنچتی ہے

آج معاشرے میں توہم پرستی اور بدشگونی سے مصیبت کا پہنچنا تصور کرتے ہیں ایسا ہرگز نہیں مصیبت۔ بدشگونی۔ توہّم پرستی۔ سے نہیں پہنچتی بلکہ مصیبت اپنے کئے ہوئے سے پہنچتی ہے قرآن مجید پارہ 25 سورۃ الشوری آیت 30 میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا۔ اور تمہیں جو مصیبت پہنچتی وہ اس کے سبب سے ہے جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا اور بہت کچھ تو معاف فرما دیتا ہے۔ (ترجمہ کنز الایمان)۔ تفسیر خزائن العرفان میں ہے یہ خطاب مومنین مکلفین سے ہے جن سے گناہ سرزد ہوتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ دنیا میں جو تکلیفیں اور مصیبتیں مومنین کو پہنچتی ہیں اکثر ان کا سبب ان کے گناہ ہوتے ہیں ان تکلیفوں کو اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کا کفارہ کر دیتا ہے اور کبھی مومن کی تکلیف اس کے رفع درجات کے لیے ہوتی ہے۔ جو مصیبتیں تمہارے لیے مقدر ہو چکی ہیں ان سے کہیں بھاگ نہیں سکتے بچ نہیں سکتے۔ پارہ 27 سورہ حدید آیت نمبر 22 میں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا۔ نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک کتاب میں ہے قبل اس کے کہ ہم اسے پیدا کریں بے شک یہ اللہ کو آسان ہے۔ تفسیر خزائن العرفان میں ہے کہ نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں اس کا مطلب یہ ہے کہ قحط کی۔ امساک باراں (بارش رکنے) کی۔ عدم پیداوار کی۔ پھلوں کی کمی کی۔ کھیتوں کہ تباہ ہونے کی۔ اور نہ تمہاری جانوں میں، جانوں سے مراد امراض کی اور اولاد کے غموں کی۔ مگر وہ یہ ایک کتاب میں ہے یعنی لوح محفوظ میں ہے۔ ان آیات کریمہ میں بھی اللہ رب العزت نے بدشگونی کا کہیں تذکرہ نہیں کیا۔ جو کچھ ہوتا ہے وہ لوح محفوظ میں محفوظ ہے اسی لیے ہمیں ذات باری تعالیٰ سے امید قوی رکھنا ہے اس لئے کہ ہم نے ایمان مفصل میں اقرار کیا ہے کہ، اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لا چکے ہیں

### ماہِ صفر منحوس نہیں۔ صفر الخیر ہے

ماہ صفر المظفر منحوس نہیں ہے یہ صفر الخیر ہے۔ صحیح البخاری باب لا ھامۃ ولا صفر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ لاعدوٰی۔ ولا طیرہ۔ ولا ھامۃ۔ ولاصفر۔ لاعدوٰی یعنی بیماری کا اڑ کر لگنا کوئی چیز نہیں ہے۔ ولا طیرہ۔ شگون کوئی چیز نہیں ہے ولا ھامۃ۔ یہ ایک پرندہ ہے جسے الو کہتے ہیں رات کو بولتا ہے اسے منحوس کہا جاتا ہے اور ولاصفر۔ یہ پیٹ کی بیماری کا جاہلانہ تصور کوئی چیز نہیں ہے۔ اور صحیح البخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ چھوت کی بیماری کوئی چیز نہیں نیز پیٹ کی بیماری اور الّو کا جاہلانہ تصور کوئی چیز نہیں پس ایک اعرابی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ اُن اونٹوں کا کیا حال ہے جو ریت میں ہرنوں کی طرح لیٹتے ہیں پھر ان میں ایک خارشی اونٹ آملتا ہے اور سب کو خارشی کر دیتا ہے۔ اس پر ہمارے آقا حضرت محمد مصطفی ﷺ نے فرمایا کہ پھر پہلے کو بیماری کس نے لگائی۔ مطلب یہ نکلا کہ اللہ پاک کے چاہنے سے سب کچھ ہوتا ہے۔

### اچھا شگون لینا جائز ہے

اچھا شگون لینا جائز ہے۔ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بیماری کا اڑ کر لگنا کوئی چیز نہیں اور شگون لینا کوئی چیز نہیں۔ (صحیح بخاری کتاب الطب۔) اور اچھا شگون لینا یہ جائز ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا شگون لینا کوئی چیز نہیں اور فال ان میں اچھی چیز ہے دریافت کیا گیا کہ یا رسول اللہ فال کیا چیز ہے۔ فرمایا کہ وہ اچھا لفظ جو تم میں سے کوئی سنے۔ (صحیح بخاری کتاب الطب) اچھے فال کی نشاندہی فرماتے ہوئے فقیہ اعظم علامہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ مصنف بہار شریعت حصہ پانزدہم میں عقیقہ کے بیان میں تحریر فرماتے ہیں۔ عقیقہ کا جانور ذبح کرنے کے بعد اوس کی ہڈی نہ توڑی جائے بلکہ ہڈیوں پر سے گوشت اتار لیا جائے یہ بچہ کی سلامتی کی نیک فال ہے اور ہڈی توڑ کر بنایا جائے اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔ اس میں میٹھا پکایا جائے تو بچہ کے اخلاق اچھے ہونے کی فال ہے۔ نیک فال سے خوش ہونا بھی اسی قبیل سے ہے نیک فال اس اچھی بات کو کہتے ہیں جسے حاجت مند کسی کے منہ سے سنیں، اکثر لوگ قلبی طور پر اسباب ہی کی طرف جھک جاتے ہیں اور خالقِ اسباب کو بھول جاتے ہیں اور جو ایسا کرتا ہے اسے اکثر اسباب کے رحم و کرم پر ہی چھوڑ دیا جاتا ہے اور پھر وہ رسوا ہوتا ہے کیونکہ سب نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اس کے فضل و احسان سے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ترجمہ کنز الایمان۔ اے سننے والے تجھے جو بھلائی پہنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے۔ پارہ پانچ سورۃ النساء اور پارہ 14 سورۃ النحل میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا۔ اور تمہارے پاس جو نعمت ہے سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

### کیا آپ بھی صفر کو منحوس جانتے ہیں

کیا اللہ پاک نے کوئی مہینہ منحوس پیدا کیا ہے؟ کیا ماہ صفر کے منحوس ہونے کا ذکر قرآن مجید میں احادیث طیبہ میں اقوال صحابہ میں یا اولیاء اللہ کی تعلیمات میں موجود ہے؟ نہیں ہرگز نہیں کوئی اللہ پاک کے بنائے مہینہ کو منحوس ثابت نہیں کرسکتا پھر اگر کہے ماہ صفر المظفر منحوس ہے تو مہینہ کے پیدا کرنے والے پر سوال کھڑا کر رہے ہیں۔ معاذ اللہ، اگر واقعی ایسا ہے تو ایمان صلب ہونے کا قطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ایمان کی حفاظت اسی میں ہے کہ ہم اللہ پاک کے پیدا کئے ہوئے کسی مہینے کو منحوس نہ سمجھیں۔

# غزہ کی ’آنکھیں اور کان‘ بننے والے صحافی بھی بھوک کا شکار


## ’زیادہ کام نہیں کر پاتا کیونکہ مجھے چکر آنے لگتے ہیں‘



**یولانڈے نیل**

غزہ میں موجود تین ایسے فری لانس فلسطینی صحافیوں نے، جن پر بی بی سی اپنی کوریج کے لیے انحصار کرتا ہے، بتایا ہے کہ وہ کس طرح اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور اکثر ان کے دو یا اس سے بھی زیادہ دن بغیر کچھ کھائے گزر جاتے ہیں۔ ان تینوں صحافیوں نے جو تمام کے تمام مرد ہیں، اس پورے عرصے میں اپنے کیمرے بند نہیں کیے اور ہمیں اہم فوٹیج بھیجتے رہے، یہاں تک کہ ان دنوں میں بھی جب ان کے قریبی رشتہ دار مارے گئے، ان کے گھر بار ان سے چھن گئے، یا وہ اپنے خاندانوں سمیت اسرائیلی فوجی پیش قدمی کی وجہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ در بدر ہوتے رہے۔ ان میں سے ایک اس سے پہلے ایک اسائنمنٹ کے دوران اسرائیلی بمباری کی وجہ سے بری طرح زخمی بھی ہو چکے ہیں لیکن ان کا کہنا ہے کہ حالیہ وقت جو وہ گزار رہے ہیں ’وہ سب سے مشکل ہے۔ یہ مصائب اور محرومیوں کا بہت بڑا بحران ہے۔‘ عالمی غذائی تحفظ کے ماہرین نے ابھی تک غزہ کی صورتحال کی قحط کے طور پر درجہ بندی نہیں کی لیکن اقوامِ متحدہ کی ایجنسیوں نے خبردار کیا ہے کہ بڑے پیمانے پر انسان کی طرف سے پیدا کی ہوئی غذائی قلت کا خطرہ ہے۔ وہ اس کا الزام اسرائیل پر عائد کرتے ہیں جو فلسطینی علاقوں میں داخل ہونے والے تمام سامان کو کنٹرول کرتا ہے لیکن اسرائیل نے اس سے انکار کیا ہے۔ ہم اپنے ساتھیوں کی سکیورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی شناخت ظاہر نہیں کر رہے۔ وہ ہمیں بتاتے ہیں کہ اپنے پیاروں میں سے سب سے کم عمر اور سب سے زیادہ کمزور لوگوں کو خوراک فراہم نہ کر پانا ان کے لیے سب سے مشکل ہے۔ غزہ شہر میں ہمارے ایک کیمرا مین کا، جو چار بچوں کے باپ ہیں، کہنا ہے کہ ’میرا بیٹا جسے آٹزم ہے وہ اپنے اردگرد کیا ہو رہا ہے اس سے بے خبر ہے۔ اسے نہیں معلوم کہ ہم جنگ میں ہیں اور وہ بول نہیں سکتا۔‘ حالیہ دنوں میں، وہ اتنا بھوکا محسوس کر رہا ہے کہ اس نے اپنے ہاتھ پیٹ پر مارنا شروع کر دیے ہیں تاکہ ہمیں اشارہ کر سکے کہ اسے کھانے کی ضرورت ہے۔‘ ہمارے سب سے کم عمر ساتھی، جو جنوبی غزہ میں ہیں، اپنے والدین اور بہن بھائیوں کی کفالت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ’میں مسلسل سوچتا رہتا ہوں کہ اپنے خاندان کے لیے خوراک کیسے حاصل کروں۔ میری چھوٹی بہن، جو 13 سال کی ہے، کھانا اور پانی مانگتی ہے اور ہم اس کے لیے کچھ بھی نہیں لا پاتے۔ ہمیں جو بھی پانی ملتا ہے وہ آلودہ ہوتا ہے۔‘ بی بی سی نے میڈیا کے دیگر اداروں کے ساتھ ایک مشترکہ بیان جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ وہ غزہ میں کام کرنے والے مقامی فری لانس صحافیوں کی خیریت کے بارے میں ’بہت زیادہ فکر مند‘ ہیں۔ بی بی سی، اے ایف پی، اے پی اور روئٹرز نیوز ایجنسیوں کے بیان میں کہا گیا کہ ’کئی مہینوں سے، یہ آزاد صحافی غزہ میں زمین پر دنیا کی آنکھ اور کان بنے ہوئے ہیں۔ انھیں اب ان ہی سنگین حالات کا سامنا ہے جن کو وہ کور کر رہے ہیں۔‘ موجودہ حالات لوگوں کی وہ کہانی سنانا اور بھی مشکل بنا دیتے ہیں جو ان پر بیت رہی ہے۔ ایک تجربہ کار صحافی جواب ہمارے لیے غزہ شہر سے کام کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ ’میں ہر وقت تھکاوٹ محسوس کرتا ہوں اور یہاں تک کہ مجھے چکر آتے ہیں اور میں زمین پر گر جاتا ہوں۔‘ وہ اپنی ماں، بہنوں اور دو سے 16 سال کی عمر کے پانچ بچوں کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ 21 ماہ کی جنگ میں ان کا وزن 30 کلوگرام کم ہوا۔ وہ ہمیں بتاتے ہیں کہ ’میں زیادہ تر رپورٹس بڑی تیزی سے مکمل کر لیتا تھا لیکن اب میں اپنی خراب صحت اور نفسیاتی حالت کی وجہ سے انھیں مکمل کرنے میں بہت دیر لگاتا ہوں۔ میں ہر وقت اضطراب اور تھکاوٹ کی حالت میں رہتا ہوں۔‘ ہمارے جنوبی غزہ کے کیمرا مین کہتے ہیں کہ ’میں اس احساس کو بیان نہیں کر سکتا۔‘ ’میرے پیٹ میں گرہیں پڑی ہیں اور میرے سر میں درد ہوتا ہے، اس میں کمزوری اور نحیف ہونے کے احساس کا اضافہ کر لیں۔ میں (صبح) 00:07 سے لے کر (رات) 00:22 تک کام کرتا تھا لیکن اب میں بمشکل ایک رپورٹ ہی کر سکتا ہوں۔ مجھے چکر آنے لگتے ہیں۔‘ حال ہی میں، وہ فلم بندی کے دوران چکرا کر گر گئے لیکن بعد میں انھوں نے دوبارہ کام شروع کر دیا۔ اگرچہ جنگ کے دوران خوراک کی قلت ایک مستقل مسئلہ رہی ہے لیکن اس سے قبل جو لوگ باہر سے تنخواہیں وصول کرتے تھے وہ مقامی مارکیٹوں سے بنیادی ضرورت کا سامان خرید سکتے تھے اگرچہ وہ انھیں بہت زیادہ مہنگا ملتا تھا تاہم اب تو وہ بازار بھی کافی حد تک خالی نظر آتے ہیں۔ غزہ شہر کے ایک صحافی جن کے چار چھوٹے بچے ہیں، کہتے ہیں کہ ’میں اب خیراتی باورچی خانے سے کھانا لینے لگا ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حالیہ دنوں میں میرے بچے دن میں صرف ایک وقت کا کھانا کھا رہے ہیں، جس میں صرف دال، چاول اور پاستا جیسی محدود خوراک شامل ہے۔‘ دو کا کہنا ہے کہ انھوں نے اپنی بھوک مٹانے کے لیے پانی میں تھوڑا سا نمک ملا کر پینا شروع کر دیا۔ ایک کا کہنا ہے کہ وہ کبھی کبھی اپنے روزانہ کے کھانے کے طور پر 50 گرام کا بسکٹ خرید لیتے ہیں لیکن اس کی قیمت انھیں 30 شیکل (6.60 ڈالر) ادا کرنا پڑتی ہے۔ پیسے تک رسائی اپنے آپ میں ایک آزمائش ہے۔ اس کے لیے اب پیسے کے تاجروں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ غزہ شہر کے ایک کیمرا مین اس کی وضاحت کچھ اس طرح کرتے ہیں کہ ’اگر مجھے نقد رقم کی ضرورت ہو، تو یہ زیادہ تر دستیاب نہیں لیکن جب یہ دستیاب ہوتی ہے، تو اسے حاصل کرنے کے لیے اس کی 45 فیصد فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر میں 1,000 ڈالر نکالنے جاؤں تو مجھے صرف 550 ڈالر ہی ملیں گے۔ سارا عمل تھکا دینے والا ہے اور آج کل ہر دکاندار نقد رقم کا مطالبہ کرتا ہے۔‘ جنوبی غزہ میں ہمارے ساتھی نے مزید کہا کہ ’یہ مشکل بینکوں کے بند ہونے کی وجہ سے ہے۔ یہ رقوم کی منتقلی ہماری بھوک کے بعد تکلیف کی ایک اور شکل ہے۔‘ ماضی میں، میرے جیسے اسرائیلی حکومت کی طرف سے تسلیم شدہ بی بی سی کے صحافی، رپورٹنگ کے لیے غزہ کا باقاعدگی سے سفر کر سکتے تھے، حتیٰ کہ جنگ کے دوران بھی۔ تاہم 7 اکتوبر 2023 کو جنگ کے آغاز کے بعد، اسرائیل اور مصر نے، جب رفح کراسنگ ابھی کھلی ہوئی تھی، غیر ملکی صحافیوں کو اسرائیلی فوج کے ساتھ محدود علاقے کے علاوہ رسائی سے روک دیا۔ بی بی سی اور دیگر خبر رساں اداروں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ’ہم ایک بار پھر اسرائیلی حکام پر زور دیتے ہیں کہ وہ صحافیوں کو غزہ کے اندر اور باہر جانے کی اجازت دیں۔‘ اس ہفتے، برطانیہ سمیت 28 ممالک نے ایک مشترکہ بیان جاری کیا جس میں کہا گیا کہ ’غزہ میں جنگ اب ختم ہونی چاہیے۔‘ انھوں نے اسرائیل سے مطالبہ کیا کہ وہ بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی تعمیل کرے اور امداد کی ’ڈرپ فیڈنگ‘ بند کرے۔ بدھ کو 100 سے زیادہ امدادی ایجنسیوں اور انسانی حقوق کے گروپوں نے کہا کہ ’اب سپلائی مکمل طور پر ختم ہونے کے ساتھ، انسانی ہمدردی کی تنظیمیں اپنے ساتھیوں اور شراکت داروں کو اپنی آنکھوں کے سامنے ختم ہوتے دیکھ رہی ہیں۔‘ خبر رساں اداروں نے نوٹ کیا کہ ’صحافی جنگی علاقوں میں بہت سی محرومیوں اور مشکلات کو برداشت کرتے ہیں۔ ہمیں شدید تشویش ہے کہ بھوک کا خطرہ بھی اب ان میں سے ایک ہے۔‘ انھوں نے مزید کہا کہ ’یہ ضروری ہے کہ (غزہ میں) لوگوں تک خوراک کی مناسب سپلائی پہنچے۔‘ اس وقت ہمارے اپنے ساتھی ہر دن گزارنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور اپنے خاندانوں کے لیے اپنی ذمہ داریوں اور دنیا کو ان غیر معمولی مشکلات کے بارے میں بتانے کی خواہش کو متوازن طریقے سے نبھا رہے ہیں، جو ان کے لوگوں کو درپیش ہیں۔ ایک شخص نے ہمیں بتایا کہ ’یہ وقت تباہ کن ہے۔ بھوک ہر گھر تک پہنچ چکی ہے۔ یہ موت کی معطلی کی سزا جیسی ہے۔‘

# ازبکستان میں ’مقدس پھل‘ سے بھری ریشم کی وادی جو سیاحوں کی نظروں سے اوجھل ہے



**اوونتیکا چترویدی**

تاشقند میں سحر پھوٹ رہی تھی جب سوویت دور کی دیوہیکل ٹرین ایک جھٹکے سے ریلوے سٹیشن پر رکی۔ میں نے اب تک ازبکستان میں مسافروں سے بھری بہت سی ٹرینوں پر سفر کیا لیکن فرغنہ وادی کا دروازہ سمجھے جانے والے مشرقی شہر مرگیلان جانے والی اس ٹرین پر کوئی غیر ملکی سوار نہیں تھا۔ ٹرین میں مجھے تین افراد پر مشتمل خاندان کے ساتھ جگہ ملی۔ گلنورا نے سر پر ایک خوبصورت سکارف لپیٹا ہوا تھا اور جب میں نے اس کی تعریف کی تو انھوں نے مسکراتے ہوئے بتایا کہ یہ اسی وادی سے خریدا گیا جس کی طرف ہم رواں دواں تھے۔ ایک دن قبل تاشقند میں وسطی ایشیا کے قدیم بازاروں میں سے ایک میں جب میں نے بہت چھوٹی چھوٹی سٹرابیریز کھائیں تو ان کا ذائقہ ایسا تھا جیسے بہار کا جھونکا۔ میں نے گوگل کا سہارا لیتے ہوئے سوال کیا کہ یہ کہاں سے آتی ہیں تو مجھے جواب ملا ’فرغنہ سے۔‘ میں نے ٹرین میں گلنورا کے خاندان کو یہ سٹرابیریز پیش کیں تو انھوں نے مسکرا کر اپنا ڈبہ کھول لیا جس میں سیب، سٹرابیریز اور خوبانی سمیت تازہ پھل اور خشک میوہ جات بھرے ہوئے تھے۔ یہ سب اسی وادی سے آئے تھے۔ انھوں نے ایک پلیٹ نکالی اور جیسے ایک دعوت کا اہتمام کر دیا۔ فرغنہ وادی مشرقی ازبکستان، جنوبی کرغزستان اور شمالی تاجکستان میں پھیلی ہوئی ہے اور وسطی ایشیا کے سب سے زرخیز خطے میں اس کا شمار کیا جاتا ہے۔ دو دریاؤں سے سیراب ہونے والی یہ وادی زراعت اور ثقافت سے مالا مال رہی ہے اور ازبکستان کے مشہور ریشم اور پھلوں کی پیداوار بھی اسی جگہ ہوتی ہے۔ جدید دور کے ازبکستان کی طرح یہ وادی بھی زمانہ قدیم کی شاہراہ ریشم کے راستے میں موجود چین، فارس اور مشرق وسطی کے بیچ تجارت سمیت خیالات اور ثقافت کے تبادلے میں اہم تھی۔ حالیہ دنوں میں ازبکستان نے شاہراہ ریشم کے تصور کو ہی ایک نئے سیاحتی منصوبے کے لیے استعمال کیا ہے جس میں سمرقند، بخارا اور خیوا کے تاریخی تجارتی مراکز کو بہت تیزی سے سنوارا جا رہا ہے۔ اگرچہ ویزا سہولیات میں نرمی، زیادہ پروازوں سمیت ملک کے پہلے بڑے بین الاقوامی اڈے نے ازبکستان کو بین الاقوامی سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنایا ہے وہیں ناقدین کا کہنا ہے کہ روایتی ازبک ثقافت کی نئی شکل اسے ایک ’کمرشل تھیم پارک‘ بنا سکتی ہے۔ لیکن گہما گہمی سے دور فرغنہ وادی میں خاموشی سے ایک پرانی ثقافتی پھر سے زندہ ہو رہی ہے۔ ازبکستان آنے والے سیاحوں میں سے شاید ہی کوئی یہاں کا رخ کرتا ہو لیکن اس وادی کا رنگ ہر جگہ موجود ہے۔ مارگیلان، جو فرغنہ وادی کے سب سے قدیم شہروں میں سے ایک ہے، میں بننے والی ٹوپیاں، سکارف اور لباس پورے ملک میں مشہور اور عام ہیں۔ خوراک اور چائے کے لیے استعمال ہونے والے برتن بھی یہیں سے آتے ہیں جبکہ وادی کا پھل مقامی مہمان نوازی کا ثبوت دیتا ہے۔ خشک خوبانی اور کشمش چائے یا قہوے کے ساتھ پیش کیے جاتے ہیں جبکہ انار اور چیری ازبکستان کے پلاؤ میں ملائے جاتے ہیں۔ میں نے گلنورا کا شکریہ ادا کرنے کے لیے روایتی انداز میں اپنا ہاتھ اپنے دل پر رکھا اور مارگیلان میں رہنے کے لیے جگہ کی تلاش شروع کی۔ اکت ہاؤس نامی گیسٹ ہاؤس میں لکڑی کے بنے روایتی دیوان دیکھنے کے بعد مجھے علم ہوا کہ یہ رسول جان مرزا احمدوو کے خاندان کا ہے جو مشہور فیشن ڈیزائنر ’آسکر دی لا رینٹا‘ کے ساتھ کام کر چکے ہیں اور فرغنہ کی ملبوسات بناتے ہیں۔ مارگیلان ازبک اکت کی جائے پیدائش بھی ہے جو وسطی ایشیا کی سب سے پیچیدہ ٹیکسٹائل روایت ہے۔ مقامی زبان میں اسے ’ابر بندی‘ کہتے ہیں۔ ریشم کی یہ روایت ایک ہزار سال پرانی ہے جو ساتویں صدی میں عرب فتوحات کے ساتھ آئی تھی۔ تاہم کہا جاتا ہے کہ ازبکستان میں ریشم کی داستان چوتھی صدی میں اس وقت شروع ہوئی جب چین سے فرار ہونے والی ایک شہزادی اپنے سر کے بالوں میں ریشم بنانے والے کیڑے کے انڈے چھپا کر ساتھ لے آئی تھی۔ دیگر مقامات کے برعکس یہاں ریشم کا کام اب تک ہاتھ سے ہی ہوتا ہے۔ شہر کی سب سے قدیم فیکٹریوں میں سے ایک میں لویزا کمالوو نے مجھے بتایا کہ ’اگر ہم ریشم کے لاروا کو مار دیں تو ازبکستان میں ریشم کا مستقبل ختم ہو جائے گا۔‘ دو دن بعد میں رشتان شہر میں تھی جہاں ایک بہت بڑا مٹی کا برتن میرا استقبال کر رہا تھا۔ مقامی لوگوں کے مطابق یہ برتن ازبکستان میں چائے یا قہوے کے لیے پانی ابالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ قریب واقع شوروم، کورون، میں روشن تاجالدینوو نے مجھے بتایا کہ ازبکستان میں انار کر مقدس سمجھا جاتا ہے۔ ’ہم یہ شادیوں میں زرخیزی کی علامت کے طور پر پیش کرتے ہیں، مٹی کے برتنوں پر خوش قسمتی کی علامت کے طور پر بناتے ہیں اور اسے یہ یاد رکھنے کے لیے کھاتے ہیں کہ زندگی میٹھی بھی ہے اور ترش بھی۔‘ رستم عثمانوو کی ورکشاپ میں ملک کے سب سے نامور فنکار موجود تھے جہاں مٹی کے برتنوں پر ڈیزائن بنانا سکھایا بھی جاتا ہے۔ میں نے ادھورے برتنوں پر طلبہ کو سکیچ بناتے دیکھا۔ رستم نے بتایا کہ جو مٹی استعمال کی جاتی ہے وہ قدرتی طور پر ایسا پیلا رنگ رکھتی ہے جس میں لال رنگ کی آمیزش ہے۔ ’پورا شہر اسی سے بنا ہے۔‘ مٹی کو دس دن تک خشک کیا جاتا ہے اور پھر 920 ڈگری پر گرما کر ہاتھ سے برتن کا سانچہ بنتا ہے جسے پھر سے آگ سے گزارا جاتا ہے تو وہ نیلا رنگ نکلتا ہے جس کی وجہ سے یہاں کے برتن مشہور ہیں۔ رستم کے ایک طالبعلم نے مجھے بتایا کہ ’یہاں کے ہر برتن کی ایک کہانی ہے۔ پرندے آزادی کی علامت ہیں، پھل فراوانی کی اور جگ، جس میں پانی، دودھ اور شراب ڈلتے ہیں۔ خود زندگی کی علامت ہے۔ یہ ہر ازبک گھر میں داخل ہونے والی نعمتیں ہیں، صرف آرائش کا سامان نہیں۔‘ رستم نے مجھے اپنی ورکشاپ کے ایک درخت پر لگے کچے انار کی تصویر بناتے دیکھا تو انھوں نے خشک میوہ جات کی پیشکش کی۔ اور پھر وہی بات دہرائی کہ فرغنہ میں ملک کا سب سے اچھا پھل ملتا ہے۔ فرغنہ میں سفر کرتے ہوئے مجھے ہر جگہ پھلوں کے درخت دکھائی دیے۔ مٹی کے بنے مکانات پر انگور کی بیل، دالانوں میں چیری اور خوبانی، سڑک کنارے سٹرابیریز صاف کرتے لوگ اور جیم کے لیے شہتوت اتارتی خواتین۔ مقامی بازار میں ٹھیلوں پر کسی مصری اہرام کی طرح سیب اور آڑو موجود تھے، اور ایسے انگور اور سٹرابیریز کی بھرمار تھی جن کی خوشبو فضا میں اپنی موجودگی کا پتہ خود دیتی ہے۔ ایک شخص نے بتایا کہ ’یہ سب تازہ اور صبح صبح اتار کر لایا گیا ہے، ہم پہلے اپنے گھر کے لیے پھل اگاتے ہیں اور پھر بیچنے کے لیے، جو بچ جائے وہ برآمد کے لیے بیچا جاتا ہے۔‘ اس وادی کی زرخیز زمین اور موسم کی وجہ سے پھلوں میں ایسی خوشبو اور مٹھاس ہے جو کہیں اور نہیں مل سکتی اور اسی لیے ازبکستان وسطی ایشیا میں پھلوں کی پیداوار میں سب سے آگے ہے۔ وادی چھوڑنے سے پہلے ایک لمحہ آیا جس نے ہر اس نظارے اور ذائقے کی نمائندگی کی جو مجھے یہاں میسر رہا۔ ٹرین سٹیشن کے باہر ایک چھوٹے سے سٹال پر بوڑھی خاتون اکت سکارف پہنے سنہرے مٹی کے برتن میں تازہ شہتوت بیچ رہی تھیں۔ اس لمحے میں یہ احساس ہوا کہ ازبکستان کی مقدس تری مورتی، یعنی پھل، برتن اور لباس، روزمرہ زندگی میں کیسے رچا بسا ہوا ہے۔

# ونتارا اور پروجیکٹ ایلیفینٹ نے ہاتھیوں کی خدمت کے لیے وقف ہندوستان کا سب سے بڑا تربیتی پروگرام منعقد کیا

## جام نگر میں گج سیوکوں کا 5 روزہ مہاسمیلن، 100 سے زیادہ مہوت اور ماہرین شرکت کریں گے

جام نگر (گجرات)، 25 جولائی 2025۔ اننت امبانی کے ذریعہ چلائے جانے والے ہندوستان کے معروف وائلڈ لائف ریسکیو اینڈ کنزرویشن سنٹر نے ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کی وزارت کے پروجیکٹ ہاتھی کے تعاون سے جام نگر میں پانچ روزہ ونتر گجراج سمّیلن کا انعقاد کیا۔ یہ ملک کا سب سے بڑا تربیتی پروگرام ہے جو ہاتھیوں کی خدمت اور دیکھ بھال کے لیے وقف ہے۔ کانفرنس میں 100 سے زیادہ مہوتوں اور ہاتھیوں کے ماہرین کو روایتی اور سائنسی دیکھ بھال کے طریقوں کی تربیت دی جائے گی۔ تربیت مکمل ہونے پر شرکاء کو سرٹیفکیٹ فراہم کیے جائیں گے۔ ونتارا کے سی ای او، ویوان کارانی نے کہا، ”یہ کانفرنس صرف تربیت کا ایک پلیٹ فارم نہیں ہے، بلکہ ایک حساس اور ہمدرد مستقبل کی بنیاد ہے۔ ہمارا مقصد روایتی علم اور جدید سائنس کے امتزاج سے ہاتھیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک مضبوط اور پائیدار نظام بنانا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہاتھیوں کا تحفظ صرف ان لوگوں تک محدود نہیں ہے، جو مہارت اور احتیاط پر مبنی پالیسیوں کو اپناتے ہیں۔ ان میں سے۔“ اس تقریب کا اہتمام رادھے کرشنا مندر ہاتھی ویلفیئر ٹرسٹ کیمپس جام نگر میں کیا جا رہا ہے، جو ونتارا کے تحت کام کرنے والی ایک فلاحی تنظیم ہے۔ ونتارا اس وقت 250 سے زائد ہاتھیوں کی دیکھ بھال کرتی ہے، جن کی خدمت 500 سے زیادہ تربیت یافتہ عملہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ جنگلی حیات کے ماہرین اور افریقی ملک کانگو کے اہلکار بھی تربیتی مقاصد کے لیے یہاں موجود ہیں۔ قومی چڑیا گھر کے ڈائریکٹروں کی کانفرنس بھی اکتوبر میں ونتارا میں منعقد کی جائے گی۔ اس طرح کی تقریبات کے ذریعے ماہرین، پالیسی ساز اور ملک اور دنیا بھر سے جنگلی حیات کی خدمت کے لیے وقف لوگ ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر تعاون، مکالمے اور تحفظ کے کام کو زیادہ مؤثر طریقے سے فروغ دے سکتے ہیں۔



